This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper : **5565**

Unique Paper Code : **214161** C

Name of the Paper : **Qualifying Urdu Language (Higher)**

Name of the Course : **B.A. (Hons) (I Year)**

Semester : **I**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

**نوٹ :** تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے:

(الف)

'' ان کے بعد ایک بڑی بھیڑ آئی کہ جس کی تعداد کا شمار نہ تھا۔ معلوم ہوا کہ یہ عاشقوں کا گروہ ہے ان کے سروں پر دردِ آہ کی گٹھریاں تھیں کہ انہی میں آہوں کے تیرِ خیالی اور دلوں کے نیزۂ وبال دبے ہوئے تھے۔ اگرچہ یہ لوگ مارے بوجھ کے اس طرح درد سے آہیں بھرتے تھے کہ گویا اب سینے ان کے پھٹ جائیں گے۔ لیکن تعجب یہ ہے کہ جب اس انبار کے پاس آئے تو اتنا نہ ہوسکا کہ ان بوجھوں کو سر سے پھینک دیں۔ کچھ جدوجہد سے سر ہلایا۔ مگر جس طرح لدے ہوئے آئے تھے اسی طرح چلے گئے۔ مگر مجھے یہی حیرت تھی کہ اس پہاڑ میں سب سے زیادہ جسمانی عیب ہے۔''

P.T.O.

(ب)

''اتنے میں اس کو اپنا ادھیڑ پن یاد آیا جس میں نہ وہ جوانی رہی تھی اور نہ وہ جوانی کا جوبن، نہ وہ دل رہا تھا اور نہ دل کے ولولوں کا وہ جوش۔ اس نے اپنی اس نیکی کے زمانے کو یاد کیا، جس میں وہ بہ نسبت بدی کے نیکی کی طرف زیادہ مائل تھا۔ وہ اپنا روزہ رکھنا، نمازیں پڑھنی، حج کرنا، زکوٰۃ دینی، بھوکوں کو کھلانا، مسجدیں اور کنویں بنانا یاد کرکے اپنے دل کو تسلی دیتا تھا۔ فقیروں اور درویشوں کو، جن کی خدمت کی تھی، اپنے پیروں کو جن سے بیعت کی تھی، اپنی مدد کو پکارتا تھا، مگر دل کی بے قراری نہیں جاتی تھی۔''

۲۔ محمد حسین آزاد کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

سرسید احمد خاں کی ادبی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۳۔ سرسید کے مضمون 'گزرا ہوا زمانہ' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

یا

سرسید کے مضمون 'سرابِ حیات' پر ایک تنقیدی مضمون تحریر کیجیے۔

۴۔ کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر قلمبند کیجیے:

(الف) اردو شاعری

(ب) ٹیلی ویژن کے پروگرام

(ج) خواتین کی تعلیم

۵۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا اردو میں ترجمہ کیجیے:

Ladra, a village on the Indo-Pakistan border, that is about 75 kms. from Barmer town, has a population of ten thousand. It is a well settled village of migrants, some of whom came during the partition and others, who came in the years that followed. Like in most villages, this village is divided into poor and well off sections. But the handicrafts bound them with each other and they are living peacefully.